سوال

(204) ستاروں کی طرف دیکھنے کی دعا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے ایک حدیث سنی ہے کہ جو شخص ستاروں کی طرف دیکھ کر یہ پڑھے :

رَبَّنا ما خَلَقتَ هـٰذا بـٰطِلًا سُبحـٰنَكَ فَقِنا عَذابَ النّارِ ١٩١ ... سورة آل عمران

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

میں اس حدیث کو نہیں جانتا اور نہ ستاروں کی طرف دیکھنے کی کسی خاص دعا کو جانتا ہوں، البتہ بندے کو یہ حکم ضرور ہے کہ وہ ستاروں اور اللہ تعالیٰ کی دیگر مخلوقات کے بارے میں غور و فکر کر کے نصیحت حاصل کرے۔ آپ سورۂ آل عمران کی اسی آیت کی تفسیر، ابن کثیر میں پڑھ لیں۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ علیہ نے اس آیت کی تفسیر میں بہت سی احادیث اور نصیحت کی عمدہ عمدہ باتیں ذکر فرمائی ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص155

محدث فتویٰ